نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کا ورکنگ گروپ تشکیل، ئی پی ایم ٹیکنالوجی استعمال کرنے کا فیصلہ

ماہرین کی سفارشات کی روشنی میں نئی حکمت عملی مرتب، ماہرین کا اظہار اعتماد

لاہور: 26 فروری 2017 (   ) فصلوں کو بیالوجیکل کنٹرول کے ذریعہ کیڑوں سے بچانے کے لئے محکمہ زرزاعت نے ورکنگ گروپ تشکیل دے دیا ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے، یہ گروپ آئی پی ایم پر عمل درآمد کے لئے لائحہ عمل مرتب کرے گا، اس گروپ میں ڈاکٹر احسان الحق، چوہدری خالد محمود، ڈاکٹر جلال عارف، ڈاکٹر شفقت سعید، ڈاکٹر خاور جواد، ڈاکٹر شاہد افغان، ڈائریکٹر آئی پی ایم شامل ہیں، یہ گروپ موثر اور بڑی فصلوں کو کیڑوں سے بچانے کے لئے سالانہ کیلنڈر تشکیل دے گا، یہ گروپ نجی اور سرکاری شعبہ کے درمیان ہونے والے معاہدے مسودہ تیار کرے گا، اسی طرح کیڑوں کو تعداد کو سامنے رکھتے ہوئے انہیں ختم کرنے کے لئے حکمت عملی مرتب کرے گا، کارڈز کی دستیابی کے لئے یہ گروپ اہداف مقرر کرے گا، محفوظ انداز میں کیڑوں کا خاتمہ یقینی بنائے گا، محکمہ زراعت پنجاب نے فصلوں کو کیڑوں کے حملہ سے بچانے کے لئے آئی پی ایم ٹیکنالوجی استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ماہرین کی سفارشات کی روشنی میں یہ طے کیا گیا ہے کہ فصلوں کو کیڑوں کے حملوں سے بچانے کے لئے صرف ادویات پر ہی انحصار نہ کیا جائے بلکہ آئی پی ایم ٹیکنالوجی استعمال کی جائے اور کیڑے مار ادویات کے استعمال کو آخری حربہ کے طور پر استعمال کیا جائے، کیڑے مار ادویات کے کم سے کم استعمال سے انسانی بیماریوں کی روک تھام میں مدد ملے گی اور ماحول آلودہ نہیں ہوگا